# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 26 February-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۶/فروری ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

### ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ قبائلی علاقوں کی ہمہ گیر ترقی کیلئے حکومت پرعزم ہے: وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کا بیان۔

☆ ریاستی ڈیٹا اتھارٹی اور پرلی میں نئے ویٹرنری ڈگری کالج کے قیام کو ریاستی کابینہ کی منظوری۔

☆ ریاستی سرکاری ملازمین کے مہنگائی بھتے میں تین فیصد اضافہ کرنے کا ریاستی کابینہ کا فیصلہ۔

☆ پریاگ راج میں جاری مہا کمبھ میلہ آج مہا شیوراتری کے موقعے پر اختتام پذیر ہوگا۔

اور۔۔۔☆ وزیر اعظم مائیکرو فوڈ پروسیسنگ انڈسٹری اسکیم کے تحت، چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع میں ایک ہزار 895 پروجیکٹوں کو منظوری۔ مسلسل تیسرے سال ملک میں سرِ فہرست مقام حاصل۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے یقین دلایا ہے کہ حکومت قبائلی علاقوں کی مجموعی ترقی کیلئے اپنے عہد کی پابند اور پرعزم ہے اور سماجی ذمہ داری فنڈ کے ذریعے متوازن ترقی کی جائے گی۔ گزشتہ روز ممبئی کے سہیادری گیسٹ ہاؤس میں سماجی ذمہ داری فنڈز کے ذریعے قبائلی برادریوں کی ترقی کے حوالے سے منعقدہ ایک اجلاس سے وزیرِ اعلیٰ مخاطب تھے۔ انھوں نے قبائلی بچوں کو مناسب مواقع فراہم کرنے کی ضرورت کا بھی اظہار کیا۔ انھوں نے کہا کہ اگر قبائلی طلبہ مناسب تعلیم حاصل کریں تو وہ ناموافق حالات سے باہر نکل سکتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ قبائلی بچوں میں زبردست فطری صلاحیتیں ہوتی ہیں اور ان صلاحیتوں کو صحیح پلیٹ فارم دینے کی ضرورت ہے۔ انھوں نے قبائلی برادری کے طلبہ کو قبائلی اسکولوں، آشرم اسکولوں اور مشہور خانگی اسکولوں میں تعلیم دینے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

***** ***** *****

آبپاشی پروجیکٹس سے متاثرہ باز آباد دیہاتوں میں بنیادی سہولیات فراہم کرنے زیرِ التواء کاموں کیلئے ایک ایکشن پلان کو نافذ کرنے کا فیصلہ کل ریاستی کابینہ کے اجلاس میں لیا گیا۔ 1976 سے پہلے کے متاثرہ دیہاتوں میں اس ایکشن پروگرام پر عمل درآمد کیا جائے گا۔

کابینہ نے ریاستی ڈیٹا بیس۔ ڈیٹا پالیسی منظور کرنے کے ساتھ ہی اسٹیٹ ڈیٹا اتھارٹی قائم کرنے کا فیصلہ بھی کیا۔ مہاراشٹر شاہراہ قانون اور مہاراشٹر شاہراہ آرڈیننس 2025 میں ترمیم کو بھی اس اجلاس میں منظوری دی گئی۔

پونے ضلعے کے بارامتی اور بیڑ ضلع کے پرلی میں نئے ویٹرنری ڈگری کالجوں کے قیام کو بھی کل منعقدہ کابینی اجلاس میں منظور کیا گیا اور اس کیلئے 564 کروڑ 58 لاکھ روپے کی فراہمی کو منظوری دی گئی۔

دریں اثنا، پرلی میں ویٹرنری کالج قائم کرنے کے فیصلے پروزیرِ شہری رسد وخوراک دھننجے منڈے نے وزیراعلیٰ کا شکریہ ادا کیا۔منڈے نے سماجی رابطے پر اپنے پیغام میں کہا کہ ترقی کی راہ پر یہ ایک پُراعتماد قدم ہوگا۔

***** ***** *****

ریاستی سرکاری ملازمین کے مہنگائی بھتے میں تین فیصد اضافہ کیا گیا ہے۔اب ریاستی سرکاری افسران اور ملازمین کو 53 فیصد مہنگائی بھتہ ملے گا۔ متعلقہ خبر میں واضح کیا گیا ہے کہ یکم جولائی 2024 سے اضافی شرح لاگو ہوگی اور جنوری تک کے بقایہ جات اس ماہ کی تنخواہ کے ساتھ ادا کیے جائیں گے۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت نے اس سال سے چھترپتی سنبھاجی مہاراج مہاراشٹر پریرنا گیت ایوارڈ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ثقافتی امور کے ریاستی وزیر آشیش شیلار نے فرانس کے مارسیلیس میں یہ اعلان کیا۔شیلار نے بتایا کہ پہلا پریرنا گیت ایوارڈ ویرساورکر کے ''انادی می، اننت می'' نغمے کو دیا جائے گا۔

***** ***** *****

اُتر پردیش کے پریاگ راج میں گنگا۔جمنا اور گپت سرسوتی ندیوں کے سنگم پر جاری مہاکمبھ میلے کا آج مہاشیوراتری کے موقعے پر اختتام ہورہا ہے۔144 سال بعد آنے والے اس تہوار میں مقدس غسل کرنے کا آج آخری دن ہے،جس کیلئے مقامی انتظامیہ نے معقول انتظامات کیے ہیں۔مہاکمبھ میلے کے بہتر اختتام کو یقینی بنانے کیلئے، حکام نے میلے کے علاقے اور پریاگ راج میں ''نو وہیکل زون'' نافذ کیا ہے۔13 جنوری سے شروع ہونے والے اس مہاکمبھ میلے میں اب تک 64 کروڑ 60 لاکھ سے زیادہ عقیدت مندوں نے مقدس ڈبکی لگائی ہے۔

دریں اثنا، مہاشیوراتری کے موقع پر مراٹھواڑہ میں، ایلورہ کے گھرشنیشور جیوترلنگ، پرلی کے ویدیہ ناتھ، اور اونڈھا ناگناتھ مندروں میں بھی عقیدت مندوں کیلئے مختلف انتظامات کیے گئے ہیں۔

***** ***** *****

**یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔**

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر محصول ڈویژنوں میں ''ایک دن دیہی ساکنان کے ساتھ'' پہل شروع کی جارہی ہے۔ڈویژنل کمشنر دلیپ گاوڑے نے کل ایک اطلاعی کانفرنس میں یہ جانکاری دی۔گاوڑے نے بتایا کہ اس پہل میں انتظامیہ دیہاتوں کو درپیش تمام مسائل کو موقع پر ہی حل کرنے کی کوشش کرے گا۔انھوں نے بتایا کہ عوام کے مسائل کو موقعے پر حل کرنے کیلئے ہم نے اس پہل کو عملی جامہ پہنانے کی منصوبہ بندی کی ہے،انھوں نے کہا کہ اس پہل کے دوران شہریوں کے مسائل حل کرنے پر توجہ مرکوز کی جائے گی اور پہلے دو ہفتوں میں عوام کے تاثرات کی بنیاد پر اقدامات میں اصلاح کی جائے گی اور انتظامیہ یقینی طور پر شہریوں کے مسائل حل کرنے میں بہتری لائے گا۔

***** ***** *****

وزیراعظم مائیکرو فوڈ پروسیسنگ انڈسٹری اسکیم کے تحت، مہاراشٹر میں سب سے زیادہ 22 ہزار 10 پروجیکٹوں کو منظوری دی گئی ہے، جس میں چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع میں ایک ہزار 895 پروجیکٹ شامل ہیں۔پروجیکٹ کی منظوری کے معاملے میں مہاراشٹر ملک میں سرِ فہرست مقام پر ہے، جبکہ چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع نے مسلسل تیسرے سال بھی سرِ فہرست مقام برقرار رکھا ہے، ضلع زرعی سپرنٹنڈنٹ پرکاش دیشمکھ نے یہ اطلاع دی۔انھوں نے بتایا کہ ہمارے پاس اس اسکیم سے متعلق مختلف قسم کے منصوبے ہیں۔سبزیوں کو شمسی توانائی کے ذریعے خشک کرنے کے بہت سے منصوبے قائم کیے گئے ہیں۔اسی طرح ایس فار ایس نامی ایک بائی بیک اسٹارٹ اَپ بھی موجود ہے۔یہ کمپنی اپنی شمسی توانائی سے خشک سبزیاں واپس خریدتی ہے۔اسکیم کے تحت چھترپتی سمبھاجی نگر کو مسلسل تیسرے سال پہلا مقام حاصل ہونے پر انھوں نے اطمینان کا اظہار بھی کیا۔

***** ***** *****

ملک بھر میں آٹھویں اقتصادی مردم شماری کی جائے گی۔اس سلسلے میں کل چھترپتی سمبھا جی نگر میں ضلعی سطح کی رابطہ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں دیہی علاقوں کیلئے تقریباً ساڑھے چھ ہزار اور شہری علاقوں کیلئے تقریباً ساڑھے پانچ ہزار شمار کنندگان کا تقرر کیا جائے گا' ساتھ اس مقصد کیلئے ایک خصوصی موبائل اپلی کیشن بھی تیار کیا گیا ہے۔

ملک میں پہلی اقتصادی مردم شماری 1977 میں کی گئی تھی' جبکہ ساتویں اقتصادی مردم شماری 2019 میں کی گئی۔اس اقتصادی مردم شماری کا مقصد معیشت کی ساخت کا اندازہ لگانا ہے۔

***** ***** *****

مرکزی تفتیشی ایجنسی (CBI) نے کل بٹ کوائن کرپٹوکرنسی بدعنوانی معاملے کے سلسلے میں ملک بھر کے 60 سے زائد مقامات پر چھاپے مارے۔ان میں پونے، کولہاپور اور ناندیڑ شامل ہیں۔گین بٹ کوائن نامی کمپنی 2015 میں شروع ہوئی تھی۔اس کمپنی نے 18 مہینوں میں صارفین کو ہر مہینے 10 فیصد ریٹرن دینے کا وعدہ کیا تھا۔2017 میں اس کمپنی میں بدعنوانی کا انکشاف ہوا تھا' جس کے بعد کمپنی کے خلاف ملک بھر سے شکایات موصول ہوئی تھیں۔

***** ***** *****

ناسک کی ضلعی عدالت نے وزیرِ زراعت مانک راؤ کوکاٹے کی سزا کی منسوخی کا حتمی فیصلہ آئندہ سنیچر تک محفوظ کرلیا ہے۔اس معاملے میں کل سماعت ہوئی۔وزیراعلیٰ خود اختیار کوٹے سے فلیٹ حاصل کرنے کیلئے جھوٹا حلف نامہ دینے کے معاملے میں کوکاٹے کو عدالت نے دو سال کی سزا سنائی ہے۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع کے مسّا جوگ کے سرپنچ سنتوش دیشمکھ قتل معاملے میں اُجول نکم کو سرکاری وکیل مقرر کرنے اور مفرور کرشنا آندھڑے کو فوری گرفتار کرنے کے مطالبے کو لیکر مسّا جوگ کے ساکنان نے کل سے دو دن کی بھوک ہڑتال شروع کی۔مطالبات تسلیم نہ کیے جانے تک احتجاج جاری رکھنے کا انتباہ بھی ساکنان نے دیا ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ میں کل 21 ؍ویں سنگیت شنکر دربار پروگرام کا افتتاح موسیقار پدم بھوشن پنڈت بدھادتیہ مکھرجی کے ہاتھوں عمل میں آیا۔اس موقع پر معروف گلوکارہ انورادھا ناندیڑکر کو اس سال کے لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ سے نوازا گیا۔کل کے پروگرام میں سادھنا سرگم کے سنگیت رَجنی پروگرام کو شائقین کی بھرپور پذیرائی ملی۔رکن پارلیمان اشوک چوہان، سوامی رامانند تیرتھ مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر منوہر چاسکر اس موقعے پر موجود تھے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

1

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ قبائلی علاقوں کی ہمہ گیر ترقی کیلئے حکومت پر عزم ہے: وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کا بیان۔

☆ ریاستی ڈیٹا اتھارٹی اور پرلی میں نئے ویٹرنری ڈگری کالج کے قیام کو ریاستی کابینہ کی منظوری۔

☆ ریاستی سرکاری ملازمین کے مہنگائی بھتے میں تین فیصد اضافہ کرنے کا ریاستی کابینہ کا فیصلہ۔

☆ پریاگ راج میں جاری مہا کمبھ میلہ آج مہا شیوراتری کے موقعے پر اختتام پذیر ہوگا۔

اور۔۔۔☆ وزیر اعظم مائیکرو فوڈ پروسیسنگ انڈسٹری اسکیم کے تحت، چھترپتی سمبھا جی نگر ضلع میں ایک ہزار 895 پروجیکٹوں کو منظوری۔ مسلسل تیسرے سال ملک میں سرِ فہرست مقام حاصل۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔ اس کے بعد ہمارے مرکز کا اگلا مراٹھی بلیٹن صبح گیارہ بجے نشر ہوگا۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****